پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

26ستمبر، 2017

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن35A کے تحت ہدایات (اے اے سی ایس) دی آر ایس کوآپریٹو بینک لمٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر

دی آر ایس ایس کو آپریٹو بینک لمٹیڈ ممبئی، مہاراشٹر کو ریزرو بینک نے اپنے 24جون2015 کے ڈائریکٹو کے ذریعہ 26جون2015 کے کام کے اوقات کے اختتام سے پابندیوں کے تحت رکھا تھا۔ان پابندیوں کی ویلیڈٹی کووقتاً فوقتاً بڑھایا جاتا رہا۔ متعلقہ ڈائریکٹوز کے ذریعہ پچھلی توسیع 20مارچ2017 کے ڈائریکٹو کے ذریعہ کی گئی تھی اوراس کونظر ثانی کی شرط کے ساتھ 25ستمبر2017 تک بڑھادیا گیا تھا۔

عوام کی جانکاری کے لئے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ دی آر ایس کوآپریٹو بینک لمٹیڈ ممبئی، مہاراشٹر کے لئے جو24جون2015 کو ڈائریکٹو جاری کیا گیا تھااوراس کووقتاً فوقتاً ترمیمات کے ساتھ جاری کیا جاتا رہااب اس میں مزید4ماہ کے لئے توسیع کردی گئی ہے۔اور یہ پابندی20ستمبر2017 کے آرڈر کے مطابق26ستمبر2017 سے25جنوری2018 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ بڑھادی گئی ہے۔

مورخہ20ستمبر2017 کے ڈائریکٹو کی ایک کاپی جسکے ذریعہ ترمیم کے ساتھ پابندی میں توسیع کی گئی ہے کوعوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھا جائے۔ریزروبینک کے ذریعہ مندرجہ بالا ترمیمات کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ریزروبینک اس کوآپریٹو بینک کے ذریعہ اپنائے جانے والے سدھاروں سے اس کی مالی حالت کی بہتری سے مطمئن ہے۔

پریس ریلیز840/2017-18

اجیت پرسراد

اسسٹنٹ ایڈوائزر